سوال

(439) نمازجنازہ کی تکبیرات میں رفع الیدین کا کیا ثبوت ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازجنازہ کی تکبیرات میں رفع الیدین کا کیا ثبوت ہے ؟ (قاسم بن سرور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تکبیرات نمازجنازہ میں رفع الیدین کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ چنانچہ حافظ ابن حجر فتح الباری میں لکھتے ہیں : ((وقد روی مرفوعا أخرجہ الطبرانی فی الأوسط من وجہ آخر عن نافع عن ابن عمر باسناد ضعیف))[۳ ۱۹۰] اس پر تعلیق میں شیخ عبدالعزیز بن باز لکھتے ہیں : ((وأخرجہ الدار قطنی فی العلل باسناد جید عن ابن عمر مرفوعا وصوب وقفہ لأنہ لم یرفعہ سوی عمر بن شبة۔ والأظہر عدم الالتفات إلی ھذہ العلة لأن عمر المذکور ثقة، فیقبل رفعہ لأن ذلک زیادة من ثقة وھی مقبولة علی الراجح عند أئمة الحدیث، ویکون ذلک دلیلا علی شرعیة رفع الیدین فی تکبیرات الجنازة۔ واللہ أعلم))

۷ ۷ ۱۴۲۳ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص366

محدث فتویٰ